**SET-2**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 252/2**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **27** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

## (Urdu Version)

حاصل مقررہ وقت : ۳ گھنٹے

بیش ترین کل نمبر: ۱۰۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 100*

## عام ہدایات:

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبر 1 سے 5 تک کا ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 20 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iii) سوال نمبر 6 سے 10 تک کا ہر سوال دو نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوال نمبر 11 سے 16 تک کا ہر سوال چار نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوال نمبر 17 سے 21 تک کا ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر 21 نقشہ پر مبنی سوال ہے۔ اس کا جواب آپ اپنی جواب کی کاپی میں لکھیے۔

(vii) سوال نمبر 22 سے 27 تک کا ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

1۔ عورتوں کو خود اختیار بنانے (Empowerment) کی طرف لے جانے والی عوامی تحریک کون سی تھی ؟ 1

2۔ 'گٹھ بندھن سرکار' کا تصور بیان کیجیے۔ 1

3۔ سری لنکا میں نسلی تنازعہ کے بارے میں درج ذیل میں سے کون سا بیان ***False*** (غلط) ہے ؟ 1

(a) سری لنکا میں سیاست کھلے طور پر سنہالی لوگوں کے مفادات میں تھی۔

(b) تامل لوگوں کے مفادات کو نظر انداز کیا جاتا تھا۔

(c) تامل جنگجو قوم پرست تنظیم (Liberation Tigers of Tamil Elam) کو سارک (SAARC) ممالک کی حمایت حاصل تھی۔

(d) سری لنکا میں سیاسی برابری نہیں تھی۔

4۔ 1977 کے الیکشن میں کانگریس پارٹی کے ہار جانے کا کوئی ایک سبب بیان کیجیے۔ 1

5۔ ''مغربی گٹھ بندھن'' کا کیا مطلب ہے ؟ 1

6۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے ایسے دو پہلوؤں اجاگر کیجیے جو پنڈت جواہر لعل نہرو سے بہت زیادہ متأثر تھے۔ *1X2=2*

7۔ کالم اے (A) میں دیے گئے واقعات کا کالم بی (B) کے واقعات کے ساتھ بامعنی جوڑ بنائیے:

| | کالم اے (A) | | کالم بی (B) |
|---|---|---|---|
| (a) | دوسرے پنچ سالہ منصوبے کے معمار | (i) | بلراج مدھوک |
| (b) | جن سنگھ کے ایک لیڈر | (ii) | مولانا ابوالکلام آزاد |
| (c) | سوتنتر پارٹی کا لیڈر | (iii) | پی۔سی۔مہالنوبس |
| (d) | ہندو مسلم اتحاد کے حامی | (iv) | مینو مسانی |

$\frac{1}{2} x4=2$

8۔ ایک مثال کی مدد سے دکھائیے کہ عالم گیریت (Globalisation) نے ہندوستان میں لباس کے انداز کو متاثر کیا ہے۔ 2

9۔ 'عالم گیر مشترکات (Global Commons) ' کے اندر آنے والے کسی چار علاقوں کی فہرست بنائیے. $\frac{1}{2}$ x4=2

10۔ ناوابستہ تحریک (NAM) کے ذریعے نئے آزاد ملکوں کے لیے ادا کیے گئے خاص رول کا تجزیہ کیجیے۔ 2

11۔ دلت پنتھرس کے ذریعے اپنے مفاد کو فروغ دینے کے لیے اپنائی گئی کوئی چار سرگرمیاں بیان کیجیے۔ 1X4=4

12۔ ہندوستان کے کسی چار وزیر اعظموں اور ان کے اپنے اپنے گٹھ بندھنوں کے نام لکھیے، جنھوں نے 1989 سے 1999 کے درمیان یونین گورنمنٹ کو چلایا۔ 1X4=4

13۔ ایسے کوئی چار عوامل اجاگر کیجیے جو اقوام متحدہ سلامتی کونسل (یو، این۔ سیکورٹی کونسل) میں ہندوستان کی مستقل ممبر شپ کے دعوے کو صحیح ٹھہراتے ہیں۔ 1X4=4

14۔ 'سبز انقلاب' کے کسی چار فائدوں کا جائزہ لیجیے۔ 1X4=4

15۔ ہندوستان نے دونوں عظیم طاقتوں کے دونوں کیمپوں سے دوری کیوں بنائے رکھی ؟ 4

16۔ چین کے ذریعے اُٹھائے گئے ایسے چار قدموں کو بیان کیجیے جس کی وجہ سے چینی معیشت کو فروغ ہوا۔ 1X4=4

**17۔** نیچے دیے گئے کارٹون کا غور سے مطالعہ کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :







(a) یہ کارٹون کس ملک سے تعلق رکھتا ہے ؟

(b) اس ملک کی معاشی پالیسیوں میں 'تب سے اب تک' آئی کوئی دو تبدیلیوں کا جائزہ لیجیے۔

(c) اس ملک میں ہوئی تازہ ترین (جدید) تبدیلیوں کے کوئی دو نتائج بیان کیجیے۔

*1+2+2=5*

***نوٹ ! درج ذیل سوالات صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 17 کے بدلے میں :***

(17.1) ایسیان (ASEAN) کی فُل فارم کیا ہے ؟

(17.2) ایسیان (ASEAN) کا خاص مقصد کیا تھا ؟

(17.3) 'ایسیان وے (ASEAN Way)' کا کیا مطلب ہے ؟ *1+2+2=5*

**18۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

'' 1977 کے الیکشن کو جنتا پارٹی نے ایمرجنسی کے مسئلے پر ریفرنڈم کی شکل دے دی اس کی الیکشن کی مہم میں زیادہ تر توجہ حکمرانی کے غیر جمہوری کردار اور ان زیادتیوں پر تھی، جو اس عرصے میں پیش آئیں۔ پریس کی سینسر شپ اور ہزاروں لوگوں کی گرفتاری کے پس منظر میں رائے عامہ کانگریس کے خلاف تھی۔''

(a) 'ریفرنڈم' کا کیا مطلب ہے ؟

(b) 'ایمرجنسی کے دوران ہزاروں لوگوں کی گرفتاری اور پریس کی سینسر شپ جیسے کام غیر جمہوری تھے'۔ کیا آپ اس قول سے متفق ہیں؟ ہر ایک کام کی حمایت میں ایک ایک وجہ بیان کرتے ہوئے اپنی جواب کی تائید کیجیے۔

(c) 1977 کے الیکشن میں بھاری اکثریت سے جیتنے کے باوجود، جنتا پارٹی صرف تھوڑے ہی وقت کے لیے ہی اقتدار میں کیوں رہی ؟ واضح کیجیے۔ *1+2+2=5*

**19۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

'' کانگریس 1885 میں تعلیم یافتہ، پیشہ ور اور تجارت پیشہ لوگوں کے ایک پریشر گروپ کی حیثیت سے رفتہ رفتہ بیسویں صدی کی ایک عوامی تحریک میں بدل گئی۔ اسی نے اس کو ایک عوامی سیاسی پارٹی بننے میں مدد دی اور نتیجے کے طور پر سیاسی نظام میں اس کے غلبہ اور بالادستی کے حصول میں بھی۔ اس طرح سے کانگریس کی ابتدا ایک انگریزی بولنے والے، اونچی ذات کے اوسط درجہ

کے بالائی سطح والے اور ممتاز شہری افراد کے زیرِ اثر ہوئی لیکن یہ سول نافرمانی کی تحریک کے ساتھ ساتھ معاشرتی اور سماجی بنیاد پر وسیع ہوتی گئی۔''

(a) 'پریشر گروپ' کا کیا مطلب ہے ؟

(b) آزادی حاصل ہوتے ہوتے کانگریس کے ایک سترنگی سماجی گٹھ بندھن کی شکل میں تبدیل ہونے کا سبب بیان کیجیے۔

(c) بیسویں صدی میں کانگریس ایک عوامی سیاسی پارٹی کیسے بن گئی ؟ *1+2+2=5*

**20۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

''کیوبائی میزائیل بحران' سرد جنگ کا نقطہ عروج تھا۔ سرد جنگ کا مطلب امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان مقابلہ تناؤ اور دوسرے اختلافات و تفادات کا ایک سلسلہ تھا جس میں دونوں کو اپنے اپنے حلیفوں کی پشت پناہی حاصل تھی۔ خوش قسمتی سے یہ کبھی ایک 'گرم جنگ' میں تبدیل نہیں ہوئی۔''

(a) 'گرم جنگ' کا مطلب بیان کیجیے۔

(b) 'کیوبائی میزائیل بحران' کو سرد جنگ کا نقطہ عروج کی شکل میں کیوں سمجھا جاتا ہے ؟

(c) ''نظریاتی اختلاف بھی سرد جنگ کا ایک سبب تھا''۔ آپ اس بیان سے کہاں تک متفق ہیں؟ *1+2+2=5*

21۔ دیے گئے **ہندوستان** کے سیاسی نقشے کے خاکے(صفحہ نمبر9) میں پانچ ریاستیں Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ, Ⓓ اور Ⓔ دکھائی گئی ہیں۔ درج ذیل معلومات کی مدد سے انھیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام، استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور ان کی پہچان کے حرفوں کے ساتھ اپنی جوابی کاپی میں (نیچے دی گئی فہرست) نیچے دیے گئے فارمیٹ میں لکھیے۔

| استعمال کی گئی معلومات | متعلق حروف | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |
| (v) | | |

(i) وہ ریاست جہاں جلیاں والا باغ قتل عام ہوا تھا۔

(ii) وہ ریاست جہاں Amul نام کی ڈیری کوآپریٹو تحریک شروع ہوئی تھی۔


(iii) وہ ریاست جس کو 'سبز انقلاب' سے فائدہ ہوا۔

(iv) وہ ریاست جس کو 2000 میں قائم کیا گیا۔

(v) وہ ریاست جہاں 1960 کی دہائی میں قحط جیسی حالت تھی۔ 1X5=5

سوال نمبر 21 کے لیے

# ہندوستان کا سیاسی خاکہ



**نوٹ ! درج ذیل سوالات صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 21 کے بدلے :**

(21.1) جلیاں والا باغ قتل عام کس ریاست میں واقع ہوا تھا ؟

(21.2) Amul ڈیری تحریک کس ریاست میں شروع ہوئی تھی ؟

(21.3) سال 2000 میں قائم ہونے والی ریاست کا نام لکھیے۔

(21.4) ہندوستان کے مشرق میں واقع اس ریاست کا نام لکھیے جو 1947 میں بٹوارے کی وجہ سے وجود میں آئی۔

(21.5) سبز انقلاب سے سب سے زیادہ فائدہ اُٹھانے والی دو ریاستیں کون سی ہیں ؟

*1*X*5=5*

**22۔** ''سخت مقابلے اور بہت سے سنگھرش کے باوجود ہندوستان کی اکثر سیاسی پارٹیوں کے بیچ ایک سہمتی سی جان پڑ رہی ہے''، اس قول کی روشنی میں 'بڑھتی سہمتی' کے کسی تین عوامل کا تجزیہ کیجیے۔ 2X*3=6*

**یا**

''جموں کشمیر پلورل سوسائٹی (Plural society) سیاست کی ایک زندہ مثال ہے''۔ کسی تین مناسب دلیلوں کے ذریعے اس قول کی تائید کیجیے۔ 2X*3=6*

23۔ آج کے گلوبل ماحولیات (Global environment) کو نقصان پہنچانے والے کسی تین خطروں کا جائزہ لیجیے۔ 2X3=6

یا

گلوبل ماحولیات کی حکمت عملی کے کسی تین بڑے عناصر کا تجزیہ کیجیے۔ 2X3=6

24۔ 1975 میں ایمرجنسی کا اعلان کیے جانے کے کوئی تین خاص اسباب بیان کیجیے۔ 2X3=6

یا

اندرا گاندھی کے ذریعے 'غریبی ہٹاؤ' پروگرام کو لاگو کرنے کے لیے اُٹھائے گئے کسی چار قدموں کو بیان کیجیے۔ $1\frac{1}{2}$ x4=6

25۔ یو۔این۔سیکورٹی کونسل کے نئے مستقل اور غیر مستقل ممبروں کے لیے اصولوں کی شکل میں تجویز کیے گئے کسی چھ سدھاروں کا جائزہ لیجیے۔ 1X6=6

یا

ہندوستان کی سیکورٹی کی حکمت عملی کے کسی تین بڑے عناصر کا تجزیہ کیجیے۔ 2X3=6

26۔ اقوامِ متحدہ امریکہ( یونائیٹیڈ اسٹیٹ آف امریکہ) کے ذریعے کیے گئے کوئی تین آپریشن(Operation)(ملٹری ایکشنMilitary Action) کو بیان کیجیے،جن سے امریکہ کی زبردست طاقت(Hard Power)) کی برتری(Supremacy) کو ثابت کیا اور تسلیم کی گئی۔ *2X3=6*

**یا**

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تنازعہ کے تین مدعوں کو بیان کیجیے۔ *2X3=6*

27۔ ٗصدمے کا علاج‘(شاک تھیرپی) کا کیا مطلب ہے ؟ اس کے کوئی چار نتائج بیان کیجیے۔

*2+4=6*

**یا**

بہت ہی کم ترقی یافتہ ممالک(Least Developed Countries) (LDCs) کی ترقی کے لیے نئی بین الاقوامی معاشی اصول (Order) (NIEO) کے نظریہ کو بیان کیجیے۔عالمی تجارتی سسٹم یونائیٹیڈ نیشن کانفرنس آن ٹریڈ اینڈ ڈیولپمینٹ کے ذریعے 1972 کے تجویز کیے گئے کوئی تین سدھار اُجاگر کیجیے۔ *3+3=6*